PROVINCIAL ASSEMBLY OF KHYBER PAKHTUNKHWA

Phone No. 091-9210489-(Ext:) 1267
Fax No. 091-9210258

LIST OF ADMITTED CALL ATTENTION NOTICES

Session 21st

Notice No. 2372

Received Dated 12 / 05 /2022

Admitted Dated 18 / 05 /2022

Department Local Government

توجہ دلاو نوٹس نمبر 2372

منجانب:۔ بلاول آفریدی صاحب، رُکن صوبائی اسمبلی

میں وزیر برائے محکمہ بلدیات کی توجہ ایک اہم مسئلے کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں وہ یہ کہ 1984 میں قوم کوکی خیل اور حکومت کے درمیان ریگی للمہ کے بارے میں ایک جرگہ ہوا جس وقت انڈسریل اسٹیٹ بن رہا تھا 1988 میں دوبارہ جرگہ ہوا لیکن جرگے میں امن وامان کی صورت حال خراب ہو گئی اور کچھ لوگ کوکی خیل قوم کے شہید اور کچھ زخمی ہوئے اور FC اہلکار بھی زخمی ہوئے اس طرح قوم کوکی خیل کی عوام نے پشاور ہائی کورٹ میں کیس داخل کیا 2014 میں چیف جسٹس دوست محمد پشاور ہائی کورٹ نے فیصلہ دیا جس میں PDA اور قوم کوکی خیل دونوں کو کہا کہ جو ڈسٹرکٹ پشاور کی بونڈری ہے اور جس نے بھی ناجائز قبضہ کیا ہے اسکو ختم کرو لیکن ہائی کورٹ کے فیصلے کے باوجود بھی حکومت نے ہمارے ساتھ کوئی تعاون نہیں کیا پشاور ہائی کورٹ نے جو فیصلہ دیا ہے یا تو اس پر عمل کیا جائے یا پھر جرگے کے ذریعے کوکی خیل قوم سے دوبارہ بات کی جائے ورنہ حالات ریگی اور نزدیک علاقوں میں پھر خراب ہو جائینگے۔